نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارشوں کے دوران کپاس کی فصل کے تحفظ اور بہتر نگہداشت سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور:06جولائی2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار بارشوں کے دوران کپاس کی فصل کی دیکھ بھال کے لیے خصوصی انتظامات کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ معمول کی بارش کپاس کی فصل کے لیے مناسب ہوتی ہیں۔اس سے فصل کی بڑھوتری اور پھول گڈی پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں لیکن معمول سے زیادہ بارشیں جس سے کپاس کے کھیت پانی سے بھر جائیں فصل کے لیے انتہائی نقصان دہ ہیں۔ایسی صورت جس میں بارش کا پانی کھیت میں 24 گھنٹے سے زیادہ کھڑا رہے تو زیادہ نقصان کا باعث بنتا ہے کیونکہ خوراکی اجزاء پودے کی جڑوں سے زیادہ نیچے چلے جاتے ہیں جس سے پودے خوراکی اجزاء کی کمی کا شکار ہو جاتے ہیں اور ضیائی تالیف کا عمل انتہائی سست ہو جاتا ہے۔اگر بارشیں زیادہ ہوں تو کاشتکار کھیت کے کناروں کے ساتھ ایک گہری نالی بنا دیں تاکہ بارش کا وافر پانی اس نالی کے ذریعے کھیت سے باہر نکل سکے۔بعدازاں،اس پانی کو بڑے کھال میں ڈال کر دھان یا کماد کے کھیت کو لگائیں۔اگر کھیت سے پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کھیت کے دونوں کناروں پر گہرے گڑھے کھود لیں تاکہ کھیت سے بارش کے وافر پانی کو ان گڑھوں میں جمع کیا جا سکے۔بارش ہونے کے 2یا3 دن بعد کپاس کے کھیت میں 20 فیصد یوریا کا محلول بنا کر سپرے کریں اور وتر آنے پر ایک بوری یوریا فی ایکڑ استعمال کریں تاکہ نائٹروجن کی کمی کو پورا کیا جا سکے۔بارشوں کے بعد کپاس کے کاشتکار پانی کے نکاس کا فوری بندوبست کریں۔علاوہ ازیں محکمہ موسمیات کی پیشین گوئی کو مدنظر رکھتے ہوئے کپاس کے کھیت کو پانی لگائیں۔کاشتکار کپاس کے کھیت کو اس موسم میں ہمیشہ ہلکا پانی لگائیں۔

☆☆☆☆